Ministerie van Sociale Zaken en Werkgelegenheid

وزارت سماجی امور و مواقع روزگار

ہالینڈ میں اپنے شریک حیات کے پاس رہنا

کیا آپ ہالینڈ میں مقیم اپنے شریک حیات کے پاس رہنا چاہتےہیں ؟
تو پھر یہ کتابچہ آپ کے لیے ہے۔

پہلے اچھی طرح سوچ لیجیے !
کسی دوسرے ملک میں منتقل ہونا آسان نہیں ہے۔

اگر آپ ہالینڈ میں منتقل ہونا چاہتے ہیں تو آپ کی کچھ ذمہ داریاں ہیں
- ڈچ زبان سیکھنا ہے۔
- یہ بھی کہ ہالینڈ میں لوگ کیسے رہتے ہیں ، ہالینڈ میں لوگ آپس میں کیسے میل ملاپ کرتے ہیں۔
- آپ کو سماج میں شامل ہونا ہےمثلاّ کام کر کے یا کوئی تعلیم حاصل کر کے۔
اسے ہم *شہریت سازی* بھی کہتے ہیں۔

اپنے شریک حیات سے مل کر عملی منصوبہ تیار کیجیے:
- آپ اپنے ملک میں آپ کس طرح ڈچ زبان سیکھنا شروع کر سکتے ہیں ؟
- آپ مزید کیسی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں ؟ کیسے قسم کا کام ؟ آپ اس تعلیم اور کام کے بارے میں کیسے جان سکتے ہیں ؟
- کیا آپ کے پاس پہلے سے کوئی سند موجود ہے ؟ ہو سکتا ہے کہ یہ سند ہالینڈ میں بھی کارآمد ہو۔ اس کس لیے آپ کو اپنی سند کے معیار کی جانچ کرانا ہو گی۔
آپ کہاں رہائش اختیار کریں گے ؟
- اس طرح کی منصوبہ بندی آپ کو ہالینڈ میں ایک نیا آغاز کرنے میں مددگار ہو گی۔

یہ کتابچہ اس طرح کی منصوبہ بندی بنانے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے
اس میں آپ ہالینڈ کی زندگی کے بارے میں سب کچھ پڑھتے ہیں:
- آپ کیا کچھ کر سکتے ہیں
- آپ کو کیا کرنا چاہیے
- آپ کو کن مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے

مرحلہ 1: تیاری
آپ ہالینڈ کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

آپ نے ہالینڈ کے بارے میں سوچا تو ہو گا۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ کو علم ہونا چاہیے کہ آپ کو کیسی صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ پہلے ہی سے شہریت سازی میں مصروف ہوں۔ قبل اس کے کہ آپ ہالینڈ آئیں آپ کو شہریت سازی کا بنیادی امتحان پاس کرنا ہے۔ اس کے بارے میں آپ مزید اس کتابچے میں آگے پڑھیں گے۔ دیکھیے مرحلہ 2۔

ہالینڈ کی شاہانہ زندگی

ہالینڈ ایک خوشحال ملک ہے لیکن یہ ایک مہنگا ملک بھی ہے اور ہر کوئی اتنا امیر بھی نہیں۔ کام کر کے آپ اپنے اخراجات ادا کو سکتے ہیں۔ ہالینڈ میں یہ عام ہے کہ دونوں میاں بیوی کام کرتے ہیں۔

اپنے شریک حیات سے مشورہ کریں

ان امور پہ بات کریں کہ آگے کیا ہو گا۔ اور آپ کے شریک حیات کی کیا سوچ ہے۔ ایسے امور جیسے برتن دھونا وغیرہ آپس میں طے کریں یا کھانا پکانا یا بچّوں کے بارے میں۔ ایک نئے ملک میں اکٹھے رہنا آسان نہیں عموما" ایسی صورتحال میں کہ جب آپ اپنے شریک حیات کے ساتھ اکٹھے ایک گھر میں نہ رہے ہوں یا زیادہ عرصہ نہ رہے ہوں۔

ہالینڈ میں رہنے کی صورت میں آپ کو کافی انتظامات کرنے ہوتے ہیں

ان امور کی مثالیں جو آپکو کرنا پڑتے ہیں:

آپ نے شہریت سازی کو جاری رکھنا ہے۔ اس حوالے سے آپ نے ایک کورس کرنا ہے: شہریت سازی کا کورس۔ اس کورس کا بندوبست آپ نے خود کرنا ہے۔ *شہریت سازی* کے بارے میں آپ مزید اس کتابچے میں آگے پڑھیں گے۔ دیکھیے مرحلہ 3

آپ نے صحت کے بیمہ کا بندوبست کرنا ہے ، اسی طرح ڈاکٹر اور دندان ساز کا۔

آپکو کام کی تلاش کرنا ہے یا پڑھائی کرنا ہے۔ کام شہریت سازی کا تیز ترین ذریعہ ہے۔

کیا آپ کے پاس پہلے سے سند موجود ہے ؟ اس کو آپ ہالینڈ کس لیے کارآمد بنا سکتے ہیں ، اسے سند کے معیار کا جانچنا کہتے ہیں۔ بیرونی ممالک کی اسناد بعض اوقات کم معیار کی جانچی جاتی ہیں۔ اس صورت میں آپ کو ہالینڈ میں اضافی سند حاصل کرنا پڑتی ہے تاکہ آپ سند کے درجہ کے مطابق کام کر سکیں۔

ابتدائی ہفتوں کے لیے خوب تیار ہوں:

اکثر آپ کا شریک حیات کام کرتا ہے۔ اکثر آپ اکیلے رہتےہیں۔ کوشش کریں کہ آپ کے لیے کرنے کو کچھ ہو۔ اپنے محلّے کی سیر کریں ، لوگوں سے ملیں۔ ان لوگوں سے بھی ملیں جو آپ کے اپنے ملک کے علاوہ دیگر ملکوں سے ہیں۔ اس طرح آپکو ڈچ جلدی آتی ہے۔

> پہلے سےہالینڈ میں آئے لوگوں کی ٹپس: 'اپنے علاقے کو دیکھو۔ پیدل چلو یا سائیکل پر اور مسلسل ذرا دور تک جائو'۔
>
> 'خود ڈچ بولنے کی کوشش کرو اور دوسروں کو ترجمہ نہ کرنے دو'۔ ' ہر روز کچھ بات کرو ، پڑوسی سے یا دوکان پہ'۔
>
> 'سائیکل چلانا سیکھو یا گاڑی چلانا' ؛ ' محلہ مرکز میں جائیں ، وہاں کافی دلچسب سرگرمیوں میں حصّہ لیا جا سکتا ہے'۔
>
> کچھ اور لوگوں کی ٹپس:
>
> ' کیا ڈچ زبان کے کورس سست رو ہیں ؟ مزید ہوم ورک کی درخواست کرو یا اضافی سبق لے لو'۔
>
> 'ہر روز ڈچ ٹی وی دیکھو'۔ 'آپ بچّوں کے پروگرام دیکھ کر جلد ڈچ سیکھتےہیں ، یا بہروں کے لیے مخصوص سب-ٹیکسٹ دیکھیےجو کہ ٹیلی ٹیکسٹ کے صفحہ 888 پر ہے'۔
>
> 'ہر روز کچھ گھنٹے گھر میں صرف ڈچ بولو یا ہفتے میں ایک پورا دن'۔ 'کوئی رضاکار ڈچ سکھانے والا تلاش کرو'۔
>
> لوگوں سے پوچھو کہ وہ کیا کہتے ہیں اگر تم کچھ غلط بولتے یا غلط لہجے میں کچھ کہتے ہو'۔
>
> 'کام کی تلاش کرو ، اگر نہ ملے تو رضاکارانہ کام شروع کر دو'۔
>
> 'دیکھو کہ محلے میں کوئی *تنظیم* موجود ہے ، وہ اکثر لوگوں کی مدد کرتے ہیں'۔

آپنے مل کر بچوں کی پرورش کرنا ہے

ہالینڈ میں دونوں والدین مل کر بچوں کی پرورش کرتے ہیں ، یعنی ماں اکیلی نہیں۔ ہالینڈ میں یہ عام سی بات ہے کہ بچوں کی پرورش کے ساتھ ساتھ کام کیا جائے یا پڑھا جائے۔

آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں کیا علم ہونا چاہیے

ہالینڈ میں بعض اوقات صورتحال آپکے آبائی ممالک سے مختلف ہے۔ یہاں عورتوں اور مردوں کے حقوق یکساں ہیں۔ آپ کا شریک حیات آپ کا حاکم نہیں ہے۔ آپ خود اپنے اوپر حکمران ہیں۔ آپکو خود معلوم ہونا چاہیے کہ آپ نے کہاں جانا ہے۔ آپکو خود معلوم ہونا چاہیے کہ آپ نے کس سے بات کرنی ہے۔

آپکو خود معلوم ہونا چاہیے کہ آپ نے کس سےشادی کرنا ہے

کسے کو شادی پہ مجبور کرنا منع ہے۔ یہ بھی منع ہے کہ آپ کسی کو کہیں کہ وہ شادی کے بندھن میں بندھا رہے۔ ہر کسی کو خود معلوم ہونا چاہیے کہ اس نے کس سے شادی کرنا ہے یا نہیں۔ ہر ایک کو طلاق کی اجازت ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات آپ یہاں حاصل کر سکتے ہیں :

www.trouwentegenjewil.nl,www.chatmetfier.nl,www.hallokezban.nl, www.alsniemandietsweet.nl

آپ کو مدد مل سکتی ہے

کیا آپکو اپنے شریک حیات سے مسائل کا سامنا ہے ؟ یا کہ آپ کو اپنے سسرال سے تکالیف کا سامنا ہے ؟ یا کیا آپ پہ تشدّد کیا جاتا ہے ؟

ہالینڈ میں آپ اس حوالے سے مدد حاصل کر سکتے ہیں:

آپ اپنے ذاتی ڈاکٹر کے پاس جا سکتے ہیں۔

یا کسی *سماجی کارکن* سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یا گھریلو تشدّد کے امدادی مرکز

www.huiselijkgeweld.nl

اس مدد کے حصول میں آپ کو پورا تحفّظ حاصل ہوتا ہے۔ آپ کے مسائل کو خفیہ رکھا جاتا ہے۔

سب مساوی ہیں

ہالینڈ میں ہر ایک کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے۔ لوگوں سے امتیازی برتاؤ کرنا منع ہے:

چاہے آپ ہم جنس پرست یا لزبین ہیں۔

چاہے آپ کے خیالات دوسروں سے مختلف ہیں۔

چاہے آپ کے جسم کا رنگ مختلف ہے۔

اس بارے میں کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں تو رابطہ کریں:

www.discriminatie.nl۔

لڑکیوں کے ختنے منع ہیں

ہالینڈ میں لڑکیوں کے ختنے کرنا منع ہے۔ لڑکیوں کے ختنے کرنا قانونی جرم ہے۔ کیا آپ کے ختنے ہوئے ہیں ؟ اس پر آپ کو کوئی سزا نہیں ملے گی ، البتہ آپ کو مدد مل سکتی ہے مثلاً" آپ کے ڈاکٹر کے پاس۔

مرحلہ 2: بیروں ملک شہریت سازی

بیرون ملک *شہریت سازی* کا بنیادی امتحان

ہالینڈ میں آنے سے قبل شہریت سازی کا بنیادی امتحان آپ نے اس ملک میں دینا ہے جہاں آپ رہ رہے ہوں۔ ہالینڈ میں رہنے کی اجازت کے لیے آپ کو (ایم وی وی) درکار ہے۔ اس اجازت نامہ کے حصول کے لے آپ کو امتحان پاس کرنا ہے۔ یہ *بیرون ملک شہریت سازی کا بنیادی* امتحان ہے جسے مختصرا "*بنیادی امتحان* بھی کہتے ہیں۔ آپکو یہ امتحان اس صورت میں بھی کرنا ہے اگر آپ پادری یا امام ہیں۔
کیا آپ ہالینڈ میں داخلے یا اجازت نامے کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو آئی این ڈی سے رابطہ کریں:

شعبۂ مہاجرین اور قومیّت (آئی این ڈی)، فون:09001234561 ۔ بیرون ملک سے 31774656767؛ انٹرنیٹ؛ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ امتحان دے سکتے ہیں کہ نہیں تو عوامی سروس راہنما استعمال کریں۔ : www.ind.nl.

بنیادی امتحان کی شکل کیا ہے؟

شہریت سازی کے بنیادی امتحان کے تین حصّے ہیں۔
1- بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں بولنا آنا چاہیے -
2- پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں پڑھنا آنا چاہیے۔
3- ہالینڈ کی معاشرت کے علم بارے امتحان-- آپکو کیا معلوم ہونا چاہیے کہ ہم ہالینڈ مییں کیسے رہتے ہیں ، اور یہاں کے اصول کیا ہیں۔

امتحان کیسے ہوتا ہے؟

1۔ *بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان:*
اس میں دو قسم کے سوالات ہیں:
1۔ آپ سکرین پہ ایک مرد یا عورت دیکھتے ہیں جو کہ ایک سوال کرتا ہے۔ آپ نے سوال کا جواب دینا ہے۔
2۔ آپ ایک جملہ سنتے ہیں۔ یہ جملہ آپ کمپیوٹر پہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یہ جملہ مکمل نہیں ہے ، آپ نے اسے مکمل کرنا ہے۔ اس کا جواب آپ نے بول کر دینا ہے۔

2 ۔*پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان*
اس میں دو قسم کے سوالات ہیں:
1۔آپ ایک عدد یا جملہ مائیک پر سنتے ہیں۔ آپ کمپیوٹر پہ 4 الفاظ یا اعداد یا جملے پڑھتے ہیں۔ آپ نے درست جواب کا انتخاب کرنا ہے۔
2۔ آپ کمپیوٹر پہ 6 عبارتیں پڑھتے ہیں۔ ہر عبارت کے بعد 2 سوال پوچھے جائیں گے۔ دیے گئے 3 یا 4 جوابوں میں سے آپ نے صحیح کا انتخاب کرنا ہے۔

3۔ *ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم*
ﺁاس بارے 30 سوال کمپیوٹر کی سکرین پر آئیں گے۔ ہر سوال کے ساتھ ایک فوٹو موجود ہے۔ آپ یہ سوالات پڑھ اور سن سکتے ہیں۔ آپ نے 2 جوابات میں نے ایک صحیح جواب کا انتخاب کرنا ہے۔ یہ سوالات 7 موضوعات پہ ہوں گے:

1۔ ہالینڈ: جغرافیہ ، آمدورفت اور رہائش
2۔ تاریخ
3۔ ریاست ، انتخابات (جمہوریت) اور آئین
4۔ ڈچ زبان اور اس کر سیکھنے کی اہمیّت
5۔ پرورش اور تعلیم
6۔ صحت
7۔ کام اور آمدنی

خود تعلیمی پیکیج کی مدد سے امتحانی تیاری

اس خود تعلیمی پیکیج - Naar Nederland - کی مدد سے آپ خود ہی تینوں امتحان کی تیاری کر سکتے ہیں۔ اس خود تعلیمی پیکیج کی مدد سے آپ ڈچ زبان اور ہالینڈ کے بارے میں سیکھتے ہیں۔ خود تعلیمی پیکیج کی قیمت تقریبا" 100 یورو ہے اور یہ کتاب فروش یا انٹرنیٹ پہ دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیے:

www.naarnederland.nl

اگر آپ بنیادی امتحان کی مشق کرنا چاہتے ہیں تو بھی

www.naarnederland.nl

کو دیکھیں جہاں تینوں امتحانی حصّوں کے مشقی سوالات موجود ہیں۔

اس خود تعلیمی پیکیج کے 6 حصّے ہیں: میں مندرجہ ذیل اشیاء موجود ہیں جو کہ آپ خود تعلیمی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

- یہ کتابچہ بمع آڈیو سی ڈی
- ڈی وی ڈی بمع فلم - Naar Nederland -
- فوٹو بک بمع آڈیو سی ڈی - Naar Nederland -
- ورک بک بمع آڈیوسی ڈی - Naar Nederland -
- ڈی وی ڈی بمع ڈیجیٹل مشقی پروگرام
- اِن لاگ کوڈ برائے آن لائین مشقی پروگرام

یہ پیکیج 18 زبانوں میں دستیاب ہے:

ڈچ ، انگریزی ، انڈونیشیا ، پرتگیزی ، پشتو ، ترکی ، تھائی ، تیریفی بربر ، چینی ، دری ، ڈچ ، روسی ، صومالی ، فرانسیسی ، کردش ، مراکش عربی ، معیاری عربی ، ویتنامی اور ہسپانوی۔

آپ امتحان کہاں دے سکتے ہیں ؟

کسی ڈچ سفارتخانے میں

کسی ڈچ قونصلیٹ میں

http://www.inburgeren.nl/apps/aanmelden/#/

اس سائیٹ پر آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آیا آپ کے ملک میں ڈچ سفارتخانہ یا قونصلیٹ موجود ہے کہ جہاں آپ امتحان دے سکتے ہیں۔ کیا آپ کے ملک میں ڈچ سفارتخانہ یا قونصلیٹ موجود نہیں ہے کہ جہاں آپ امتحان دے سکیں ؟ اس صورت میں آپ کو کسی دوسرے ملک جانا ہو گا۔ امتحان دینے کی لیےاپنا اندراج کر کےآپ اس ملک کا انتخاب کرتے ہیں۔

آپ نے اندراج کیسے کرانا ہے؟

http://www.inburgeren.nl/apps/aanmelden/#/

اس سائیٹ پر فارم پر کریں۔ سارے امتحان کے مجموعی اخراجات 350 یورو ہیں۔ آپ مختلف حصوں کے علیحدہ علیحدہ امتحان بھی دے سکتے ہیں مثلا" کسی ایک حصّے میں اگر آپ ناکام ہو گئے ہوں۔ بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان کے اخراجات 100 یوروز ہیں ، پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان کے 100 یوروز اور ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم کے اخراجات 100 یوروز ہیں۔ ان امتحانات کا بندوبست - DUO - کرتا ہے۔

آپ کے اندراج کے بعد کیا ہوتا ہے؟

اندراج کے بعد آپ کو -DUO- کی طرف سے خط ملتا ہے کہ آپ رقم کیسے ادا کر سکتے ہیں۔ جب - DUO - کو رقم مل جائے تو آپ کو ایک اور خط ملتا ہے کہ آپ امتحان کے لیے وقت طے کر سکتے ہیں۔ آپ سفارتخانے یا قونصلیٹ سے رابطہ کر کے مقت طے کرتے ہیں۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے رابطہ کریں

www.naarnederland.nl

یا اگر آپ مزید سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو فون کریں 1400 نمبر پر۔ بیرون ملک سے 31774656767 پر فون کریں۔ اس کے لیے

www.rijksoverheid.nl
پر جائیں۔

امتحان کے دن کیا ہوتا ہے؟
آپ مقرّرہ تاریخ اور وقت پہ پہنچتے ہیں۔
استقبالیے پہ اپنا نام بتاتے ہیں۔
اپنا پاسپورٹ استقبالیے پہ دکھاتے ہیں ، کوئی اور شناختی کاغذ بھی دکھایا جا سکتا ہے۔ استقبالیے پہ موجود فرد اُ ے کی کاّپی بناتا ہے۔
آپ کا فوٹو بنتا ہے اور آپکے انگوٹھے کے نشان لیے جاتے ہیں۔
یہ تمام معلومات کمپیوٹر میں ڈالی جاتی ہیں۔

اگر آپ نے تمام حصوں کا امتحان دینا ہے تو یہ یوں ہو گا:
1۔ حصہ 'ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم' کے بارے میں وضاحت
2۔ حصہ 'ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم' کا امتحان ، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ 30 منٹ ہیں۔
3- وقفہ اور حصہ 'پڑھنے کی صلاحیّت' کے بارے میں وضاحت
4۔ حصہ ' پڑھنے کی صلاحیّت' کا امتحان ، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ 35 منٹ ہیں۔
5۔ وقفہ اور حصہ 'بولنے کی صلاحیّت' کے بارے میں وضاحت
6۔ حصہ 'بولنے کی صلاحیّت' کا امتحان ، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ 30 منٹ ہیں۔
آپ امتحانات کمپیوٹر پہ کرتے ہیں۔ سب کو ملا کر آپ تقریبا" 2 گھنٹےتک سفارتخانہ یا قونصلیٹ میں موجود رہیں گے۔

آپ کب کامیاب قرار پائے؟
اگر آپ تینوں حصّوں میں پاس ہر گئے تر آپ کامیاب قرار دیے جائیں گے۔ آپ کو ہر ایک حصّے کے بارے میں علیحدہ بتایا جائے گا کہ آیا آپ اس میں پاس ہو گئے یا نہیں۔ اگر آپ کسی ایک حصّے میں رہ جاتے ہیں تو آپ کو صرف اس حصّے کا امتحان دوبارہ دینا ہو گا۔

نتیجہ کب آ ئے گا؟
آپ کو آٹھ ہفتوں کے اندر اندر ۔۔۔ سے نتائج ملیں گے۔ اکثر اس سے قبل ہی معلوم ہو جاتا ہے۔ اگر آپ تینوں حصّوں میں پاس ہو گئے تو پھر آپ نے ایم-وی-وی کے لیے درخواست دینی ہے۔ ایم-وی-وی کی درخواست کے لیے کچھ دیگر شرائط بھی ہیں۔ شعبۂ مہاجرین اور قومیّت (آئی این ڈی) کی ویب سائیٹ پر اس بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں ، دیکھیے
www.ind.nl.
یا فون کریں: 09001234561 (دس سینٹ فی منٹ)۔ بیرون ملک سے فون نمبر 31208893045-

آپکو امتحان پاس کرنے کے ایک سال کے اندر اندر ایم-وی-وی کے لیے درخواست دینی ہے۔
اگر آپ نے دیر کر دی تو آپکو امتحان دوبارہ دینا ہو گا۔ اس تاریخ کا اطلاق اس دن سے ہو گا کہ جس دن آپ نے امتحان کا اخری حصّہ پاس کیا۔

اگر آپ امتحان میں ناکام رہتے ہیں؟
آپ امتحان دوبارہ سے دے سکتے ہیں ، مگر آپکو پھر سے اندراج کرانا ہو گا اور فیس ادا کرنا ہو گی۔
http://www.naarnederland.nl/category/aanmelden

کچھ لوگوں کے لیے ضروری نہیں کہ وہ امتحان دیں۔
کیا آپ جاننا چاہتے ہیں کہ کب آپ کو کوئی امتحان نہیں دینا تو دیکھیے:

http://www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/nieuw-in-nederland/vraag-en-antwoord/kan-ik-vrijstelling-krijgen-voor-het-basisexamen-inburgering-in-het-buitenland.html

اگر آپ امتحان نہیں دے سکتے تو پھر کیا کیا جائے؟
کچھ لوگ امتحان نہیں دے سکتے ، جیسے کسی بیماری کی صورت میں ۔ کیا آپ جاننا چاہتے ہیں کہ کب آپ کو کوئی امتحان نہیں دینا تو دیکھیے:
http://www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/nieuw-in-nederland/vraag-en-antwoord/kan-ik-ontheffing-krijgen-voor-een-inburgeringsexamen.html

خبردار:
اگر آپ کو کوئی امتحان نہیں دینا تو پھر بھی آپ کو شاید ہالینڈ میں شہریت سازی کے امتحان دینا ہے ۔ کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں ، تو دیکھیے:
: www.inburgeren.nl
کیا آپ امتحان کے متعلق مزید جاننا چاہتے ہیں؟
تو پھر دیکھیے
www.naarnederland.nl
یا کیا آپ کے پاس سوالات ہیں تو فون کریں 1400 نمبر پر ۔ بیرون ملک سے 31774656767 پر فون کریں ۔آپ ای-میل بھی کر سکتے ہیں ، اس کے لیے ویب سائیٹ پر جائیں ۔

مرحلہ 3: ہالینڈ میں شہریت سازی

آپکو ہالینڈ میں بھی امتحانات پاس کرنے ہیں
اس سے مراد ہالینڈ میں شہریت سازی کے امتحانات ہیں ۔ یہ امتحانات بنیادی امتحان سے ذرا مشکل ہوتا ہے ۔ یہاں آپ آخر بہتر ڈچ بھی سیکھتے ہیں اور یہاں آپ ہالینڈ کے بارے میں بھی زیادہ معلومات حاصل کرتے ہیں ۔ اس طرح آپ بہتر طور پہ ڈچ معاشرے میں انضمام ہو سکتے ہیں اور آپکے کام کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں ۔

یہ امتحان چھ حصّوں پہ مشتمل ہے:
1۔ پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں پڑھنا آنا چاہیے ۔
2- سننے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان سمجھ آنا چاہیے ۔
3- لکھنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں لکھنا آنا چاہیے ۔
4- بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں بولنا آنا چاہیے ۔
5- ہالینڈ کی معاشرت کے علم بارے امتحان-- آپکو معلوم ہونا چاہیے کہ ہم ہالینڈ میں ایک دوسرے سے کیسے پیش آتے ہیں ، اور یہاں کے اصول کیا ہیں ۔
6- ہالینڈ میں کام کے مواقع—آپکو کام کا حصول ممکن ہونا چاہیے ۔

امتحان کیسے ہوتا ہے؟

1 ۔پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان
آپ یہ امتحان کمپیوٹر پہ کرتے ہیں ۔ آپ عبارات پڑھتے ہیں ۔ یہ عبارات اخباروں سے آتی ہیں ۔ آپ ہر عبارت کے بعد چند سوالات دیکھتے ہیں ۔ آپ نے درست جواب کا انتخاب کرنا ہے ۔
2 ۔ سننے کی صلاحیّت بارے امتحان

آپ یہ امتحان کمپیوٹر پہ کرتے ہیں۔ آپ فلموں کو دیکھتے ہیں۔ اور آپ عبارات کو سنتےہیں۔ آپ ہر فلم کے ساتھ چند سوالات دیکھتے ہیں۔ آپ نے مختلف جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کرنا ہے۔

3-*لکھنے کی صلاحیّت بارے امتحان*

آپ یہ امتحان کاغذ پہ کرتے ہیں۔ آپ کو مختلف قسم کے کام انجام دینے ہیں ، مثلا"

آپ ایک خط لکھتے ہیں

آپ ایک فارم بھرتے ہیں

آت کو جملے مکمل کرنا ہے

آپ کو ایک ای-میل لکھنا ہے اپنے دوست کو جس کی سالگرہ ہے

آپ کسی دفتر روزگار کا فارم بھرتے ہیں۔

4۔ *بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان:*

آپ یہ امتحان کمپیوٹر پہ کرتے ہیں۔اس امتحان کےدو حصّے ہیں:

1۔ آپ کو سوالات ملتے ہیں۔ آپ نے صحیح جواب بول کر دینا ہے۔سکرین پہ ایک مرد یا عورت دیکھتے ہیں جو کہ ایک سوال کرتا ہے۔ آپ نے سوال کا جواب دینا ہے۔

2۔ آپ فلموں کو دیکھتے اورسنتے ہیں ، آپ چند سوالات دیکھتے ہیں۔ آپ نے مختلف جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کرنا ہے۔

5۔ *ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم*

آپ یہ امتحان کمپیوٹر پہ کرتے ہیں۔ آپ فلموں کو دیکھتے اورسنتے ہیں۔ آپ ہر فلم کے ساتھ چند سوالات دیکھتے ہیں۔ آپ نے مختلف جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کرنا ہے۔

6-*ہالینڈ میں کام کے مواقع*

اس امتحان کے دو حصّےہیں:

1-آپ اپنے بارے میں ایک فائل تیّار کرتے ہیں۔ اسمیں مثلا" آپ یہ لکھتے ہیں کہ آپ کیا کچھ کر سکتے ہیں اور آپ کس قسم کا کام کرنا چاہتے ہیں ، اب یا مستقبل میں۔اس طرح کی فائل کو پورٹفولیو کہا جاتا ہے۔ دیکھیے جدول۔

2-آپکا پورٹفولیو دیکھا جاتا ہے۔ اگر آپکا پورٹفولیو صحیح ہے تو آپ کا انٹرویو کے لیے اندراج ہوتا ہے۔ یہ انٹرویو آپکے پورٹفولیو کے حوالے سے ہوتی ہے۔

آپ نے خود کوشش کرنی ہے کا آپ امتحان میں کامیاب ہوں

آپ نے خود سیکھنا ہے اور اے بارے میں آپ نے خود مدد کی تلاس کونا ہے۔ ایک شہریت سازی کا کورس کرنے کے بعد اس بات کے زیادہ امکانات ہیں کہ آپ شہریت سازی کا امتحان پاس کر لیں۔کیا آپ شہریت سازی کا کورس کرنا چاہتے ہیں ، تودیکھیے:
www.ikwilinburgeren.nl

امتحان اور کورس کی فیس آپ نے خود دینا ہے

اگر آپ یہ ادائیگی نہیں کر سکتے تو آپ قرض حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ یہ قرض کورس کی ادائیگی اور امتحان دینے کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ قرض ۔ DUO ۔ سے حاصل ہوتا ہے جو کہ بعد میں آپ نے واپس ادا کرنا ہوتا ہے ، سود کے ساتھ۔

پورٹفولیو کی ضرورت؟

کام تلاش کرنا اور جاری رکھنا مشکل ہو تا ہے۔

اس لیے پورٹفولیو تیار کیا جاتا ہے: یہ ایک فائل ہے جس میں آپ اپنے بارے میں آپ تمام معلومات لکھتے ہیں اور آپ کام کے بارے میں لکھتے ہیں کہ آپ کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ اگو آپ کو رہائش کا اجازت نامہ یکم جنوری 2015 کے بعد ملا ہےتوپورٹفولیو اس تاریخ سے امتحانات کا حصّہ بن گیا ہے۔ یہ اب 'ہالینڈ میں کام کے مواقع' میں شامل ہے۔ مزید جاننے کے لیے دیکھیں:
www.inburgeren.nl

آپ کے پورٹفولیو میں کیا شامل ہے ؟

آپ کے پورٹفولیو میں کارڈز یا نتیجہ کارڈز شامل ہیں ، یہ کارڈز آپ خود لکھتے ہیں:

آپ دیکھتے ہیں کہ آپ کیا کام کرنا چاہتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ آپ کیا کام کرنا چاہتے ہیں۔

آپ دیکھتے ہیں کہ آپ کیا کام کر سکتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ آپ کیا کام کر سکتے ہیں۔

آپ دیکھتے ہیں کہ کونسے کام دستیاب ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ کونسے کام دستیاب ہیں۔

آپ دیکھتے ہیں کہ ڈچ لوگ کیسے کام کرتے ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ آپ کو ہالینڈ میں کام کرنے کے لیے آپ کو کیسےبدلناھے۔ آپ لکھتے ہیں کہ آپ کو کیا بدلنا چاہیے۔

آپ دیکھتے ہیں کہ بعد میں آپ کیا کام کرنا چاہتے ہیں۔ آپ ایک منصوبہ تیار کرتےہیں: پیشہ ورانہ منصوبہ۔

وہ ویب سائٹ جو آپ کو پورٹفولیو تیار کرنے میں مدد دے سکتی ہیں

http://www.123test.nl/beroepen

یہاں پہ آپ ٹیسٹ کر سکتے ہیں اور اپنے بارے میں مزید جان سکتے ہیں

http://www.beroepeninbeeld.nl

http://www.opleidingenberoep.nl

http://www.internettv.ROC.nl

یہاں پہ آپ مختلف پیشوں کے بارے میں جانتے ہیں ،یہاں پہ آپ ٹیسٹ کر سکتے ہیں کہ آ پ کے لیے کونسا پیشہ بہتر ہو گا۔

http://www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/middelbaar-beroepsonderwijs.

یہاں آپ تعلیم کے بارے میں پڑھتے ہیں۔یہ دیکھتے ہیں کہ کونسے مضامین ہیں اور یہ بھی کہ کس پیشے کے لیے کونسی تعلیم چاہیے۔

http://www.nationaleberoepengids.nl/Arbeidsmarkt perspectief

یہاں پہ آپ یہ دیکھتے ہیں کہ کس پیشے میں کام کے مواقع ہیں.

https://www.werk.nl/portal/page/portal/werk nl/werknemer/meer weten/kansen vergroten/tipsvoorallochtonen/internationalediplomawaardering

یہاں پہ آپ یہ دیکھتے ہیں کہ آپ اپنے ڈپلومے کے معیار کو کہاں سے جانچ سکتے ہیں۔

http://www.idw.n/diplomawaardering-aanvragen.html

کیا آپ کے پاس سیکنڈری سکول کا ڈپلومہ ہے تو آپ یہاں پڑھتے ہیں کہ آپ ڈپلومے کے معیار کو کہاں سےجانچ سکتے ہیں۔

http://www.nuffic.nl/diplomawaardering/beroepserkenning/inkomende-mobiliteit

کیا آپ کے پاس ہائیر سکول کا ڈپلومہ ہے تو آپ یہاں پڑھتے ہیں کہ آپ ڈپلومے کے معیار کو کیسےجانچ سکتے ہیں۔